**بینک دولت پاکستان**
**شعبہ ملکی بازار اور زری انتظام**
**آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی**

ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 23 برائے 2020ء                                        16 اکتوبر 2020ء

جناب صدور / چیف ایگزیکٹو آفیسرز

تمام بینک / پرائمری ڈیلرز

## رواں شرح والے پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز

حکومت پاکستان 14 اکتوبر 2020ء کے اپنے اعلامیے (نقل لف ہے) کی رُو سے پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز رولز، 2000ء میں ترمیم کر رہی ہے۔ اس تناظر میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے رواں شرح والے پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز (پی ایف ایل) کے بارے میں ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 09 برائے 2018ء، ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 16 برائے 2019ء اور ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 22 برائے 2019ء کے ذریعے جاری کردہ ہدایات میں ترمیم کی جارہی ہے اور انہیں ذیل کے مطابق مجموعی طور پر بیان کیا جارہا ہے:

### الف۔ اہلیت:

سرکاری تمسکات (ایم ٹی بی اور پی آئی بی) کے پرائمری ڈیلرز مسابقتی نیلامیوں میں شرکت کرنے اور اہل سرمایہ کاروں کی جانب سے غیر مسابقتی بولیاں (این سی بی) جمع کرانے کے اہل ہوں گے۔

### ب۔ کوپن کی ادائیگی کا تعدّد (فریکوئنسی):

رواں شرح والے پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز (پی ایف ایل) کو خزانہ ڈویژن کے فیصلے کے مطابق بطور (i) سہ ماہی کوپن ادائیگی والے بانڈز، (ii) ششماہی کوپن ادائیگی والے بانڈز، اور / یا (iii) ماہانہ کوپن ادائیگی والے بانڈز پیش کیا جاسکتا ہے۔

### ج۔ رواں شرح والے کوپن کا تعین

1۔ حکومت پاکستان فی الحال سہ ماہی اور ششماہی بنیاد پر کوپن ادائیگی پر پی ایف ایل جاری کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ کوپن کے تعین، ادائیگی اور سہ ماہی اور ششماہی بنیاد پر کوپن ادائیگی والے بانڈز کی ری سیٹنگ کی تفصیلات ذیل میں دی گئی ہیں۔

2۔ سہ ماہی کوپن ادائیگی والے بانڈز کے لیے:

الف۔ کوپن ریٹ 3 ماہی مارکیٹ ٹریژری بل (ایم ٹی بی) کے بہ وزن اوسط یافت کے مساوی ہوگا جس کا تعین رواں شرح والے پی آئی بی کی نیلامی یا کوپن کی ری سیٹنگ سے قبل منعقد ہونے والی تازہ ترین 3 ماہی ایم ٹی بی نیلامی میں ہوگا۔

ب۔ کوپن کی ادائیگی سہ ماہی بنیاد پر ہوگی۔

ج۔ کوپن یا تو سہ ماہی بنیاد پر ری سیٹ ہو گا یا پھر بانڈ کی میعاد کے دوران (جو کہ پندرہ روزہ ہے) 3 ماہی ایم ٹی بی کی ہر نیلامی کے تصفیے کے دن پر، جس کا اعلان اسٹیٹ بینک نیلامی کے کیلنڈر کے ذریعے کرے گا۔

د۔ کوپن کے ابتدائی تعین یا بعد ازاں ری سیٹنگ کے لیے قابلِ اطلاق 3 ماہی ایم ٹی بی کی نیلامی مسترد ہو گئی ہو یا پھر مارکیٹ نے حصہ نہ لیا ہو تو پی ایف ایل کی نیلامی سے قبل کے پانچ ایامِ کار کے قابلِ اطلاق تین ماہی (یعنی 61 تا 90 روز) پی کے آر وی کا اوسط یا اُس دن کا اوسط جس دن کوپن کو ری سیٹ ہونا ہو، جو بھی صورت ہو، اسے متبادل کوپن ریٹ کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔

3۔ ششماہی کوپن ادائیگی بانڈز کے لیے:

الف۔ کوپن ریٹ 6 ماہی ایم ٹی بی کی بہ وزن اوسط یافت کے مساوی ہو گا، جیسا کہ 6 ماہی ایم ٹی بی کی تازہ ترین کامیاب نیلامی میں معلوم ہوا ہو جو رواں شرح والے پی آئی بی کی نیلامی سے پہلے اور / یا کوپن کے عرصے کے آغاز سے منعقد ہوئی۔

ب۔ اگر 6 ماہی ایم ٹی بی کی تازہ ترین منعقدہ نیلامی مسترد ہو گئی ہو یا پھر مارکیٹ نے حصہ نہ لیا ہو تو پی ایف ایل کی نیلامی سے قبل کے پانچ ایامِ کار کے قابلِ اطلاق چھ ماہی (یعنی 121 تا 180 روز) پی کے آر وی کا اوسط یا اُس دن کا اوسط جس دن کوپن کو ری سیٹ ہونا ہو، جو بھی صورت ہو، اسے متبادل کوپن ریٹ کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔

ج۔ درج بالا بیان کردہ طریقہ کار کے تحت کوپن کی ادائیگی کی جائے گی اور ششماہی طور پر ری سیٹ کیا جائے گا۔

4۔ ماہانہ کوپن ادائیگی والے بانڈز کے کوپن کے تعین، ادائیگی اور ری سیٹنگ کے لیے علیحدہ ہدایات اُس وقت جاری کی جائیں گی جب خزانہ ڈویژن ایسے بانڈز کے اجرا کا فیصلہ کرے گا۔

## د۔ مسابقتی نیلامی میں شرکت:

1۔ رواں شرح والے پی آئی بی اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے زیرِ اہتمام اضعافی (multiple) قیمتوں پر مسابقتی بولیوں کی نیلامی کے ذریعے جاری کیے جائیں گے۔

2۔ پرائمری ڈیلرز کو قیمت کے لحاظ سے (چار اعشاری درجوں تک) مسابقتی بولیاں دینی ہوں گی۔ بولی کا کم از کم حجم ایک لاکھ روپے ہو گا اور آگے اس کے اضعاف پر مبنی ہو گا۔ پرائمری ڈیلرز کو کئی بولیاں دینے کی اجازت ہو گی۔

3۔ نیلامی کا انعقاد بلومبرگ آن لائن ماڈیول پر ہو گا۔ اگر انٹرنیٹ کی کنکٹوٹی کا یا کوئی اور ٹیکنکل مسئلہ ہو گا تو پرائمری ڈیلرز منسلک 'ضمیمہ الف' کے فارمیٹ کے مطابق دستی طور پر بولی دے سکتے ہیں۔

## ہ۔ رواں شرح والے پی آئی بی کی ری اوپننگ نیلامی کا طریقہ کار:

1۔ رواں شرح والے پی آئی بی کی ری اوپننگ نیلامیاں اُن ہی قواعد اور طریقہ کار کے مطابق منعقد کی جائیں گی جو اولین / اصل نیلامیوں میں اپنایا گیا ہو گا، جیسا کہ اوپر پیرا 'د' میں بیان کیا گیا ہے۔

2۔ ری اوپننگ نیلامیوں میں رواں شرح والے پی آئی بی پر پیش کردہ کوپن ریٹ وہی ہو گا جو بانڈ کے متعلقہ اجرا کی اولین نیلامی میں متعین ہو گا اور ری سیٹ کے ہر عرصے کے آغاز پر اسے ری سیٹ کیا جائے گا۔

3۔ کامیاب بولی دہندگان تصفیے کی تاریخ پر اسی رقم کا تصفیہ کریں گے جو قبول کردہ قیمت میں اُس سود کو جمع کرنے سے حاصل ہوگی جو متعلقہ کوپن ریٹ کی بنیاد پر کوپن کے عرصے کے آغاز سے گذرنے والے دنوں کی تعداد پر عائد ہوگا۔

**و۔ عمومی ہدایات:**

1۔ بولیاں پوری یا حسبِ شرح حجم کی بنیاد پر قبول کی جائیں گی جیسا کہ ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 6 برائے 2018ء میں بیان کیا گیا ہے۔ نیلامی میں این سی بی کے ذریعے شرکت پر بھی وہی قواعد لاگو ہوں گے جو مذکورہ سرکلر میں ہیں۔

2۔ مقررہ شرح کوپن والے پی آئی بی پر جو دیگر قواعد لاگو ہوتے ہیں وہی رواں شرح والے پی آئی بی پر بھی لاگو ہوں گے (مثال کے طور پر شرحِ سیالیت کی اہلیت، تمسکات کی درجہ بندی اور انتظامِ سیالیت کے لیے تمسکات کا استعمال)۔

3۔ بولیاں کوئی بھی وجہ بتائے بغیر مسترد کی جاسکتی ہیں۔

4۔ (i) سہ ماہی کوپن ادائیگی والے بانڈز، اور (ii) ششماہی کوپن ادائیگی والے بانڈز دونوں کے منافع کا تخمینہ نکالنے کے لیے دن کا 'حقیقی / حقیقی (Actual/Actual) ' شمار کا طریقہ استعمال کیا جائے گا۔

مذکورہ ہدایات 16 اکتوبر 2020ء کے بعد جاری ہونے والے رواں شرح والے پی آئی بی پر لاگو ہوں گی۔

منسلک:

**حکومت پاکستان کا اعلامیہ پی آئی بی قواعد میں ترمیم**

**ضمیمہ الف بولی دینے کے دستی طریقے کا فارمیٹ**

آپ کی مخلص

(رضوانہ رفعت)

ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈی ایم ایم ڈی